إِذَا كَانَ لَكَ حَاجَةٌ فَأَرْسِلْ إِلَيَّ أَوِ اكْتُبْ فَإِنِّي أَسْتَحْيِي مِنَ اللّٰهِ أَنْ يَرَاكَ عَلَى بَابِي (شفاء شریف)

ترجمہ: آپ کو جب کوئی حاجت ہو تو کسی قاصد کو بھیج دیا کریں یا خط لکھ دیا کریں۔ مجھے اللہ تعالیٰ سے شرم آتی ہے کہ آپ کسی ضرورت کے واسطے میرے دروازے پر آیا کریں۔

اہل سنت کی جماعت حقہ کے خلاف آج کل یہ پروپیگنڈہ ہوتا رہتا ہے کہ یہ لوگ اہل بیت کے دشمن ہیں اور ان کا تذکرہ بھی پسند نہیں کرتے۔ ذیل میں ہم اہل سنت والجماعت کے ائمہ مجتہدین اور چند دیگر برگزیدہ شخصیتوں کے ارشادات عالیہ قلم بند کرتے ہیں، جس سے قارئین پر یہ حقیقت واضح ہو گی کہ یہ مقدس حضرات اہل بیت عظام کے دل و جان سے غلام ہیں۔ ان کے اتباع کو نجات کا ذریعہ کامل اور ہدایت کا روشن چراغ سمجھتے ہیں۔ آپ کی اولاد کو اپنی جان اور اپنی اولاد سے زیادہ محبوب جانتے ہیں۔ اور ان کی محبت کو عین محبت رسول اور ایمان کی جان تسلیم کرتے ہیں۔

اہل بیت نبوت اور اہل سنت والجماعت

حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ: علامہ زمخشری لکھتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اہل بیت کی بہت زیادہ تعظیم و تکریم کرتے اور احترام سادات میں بہت مبالغہ فرماتے تھے اور ان کی اعانت بھی فرماتے تھے۔ چنانچہ ایک مرتبہ ایک حاجت مند سید آئے تو آپ نے بارہ لاکھ درہم عطا فرمائے۔ (کشاف)

تاریخ سے دلچسپی رکھنے والے بخوبی جانتے ہیں کہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی گرفتاری اور پھر جیل میں آپ کی شہادت کا سبب بھی اہل بیت سے محبت کرنے اور ان کی موافقت میں فتویٰ دینے کا ردعمل تھا۔ چنانچہ جب حضرت سید زین العابدین کے صاحبزادے زید بن علی الشہید رضی اللہ عنہ نے اموی حکومت کے خلاف اعلان جہاد کیا تو امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت زید بن علی رضی اللہ عنہ کے حق میں فتویٰ دیا۔

كان ابو حنيفة يفتي سرا

لوجوب نصرة زيد و حمل المال اليه

(مقدمہ ۴۳ روض)

ترجمہ: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ پوشیدہ طور پر حضرت زید رضی اللہ عنہ کی امداد و نصرت کا فتویٰ دیتے تھے اور ان کے پاس پوشیدہ طور پر مالی امداد بھی بھیجتے تھے۔

حضرت امام صاحب نے حضرت محمد نفس زکیہ رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ جہاد میں شریک ہونے کے متعلق یہ فتویٰ دیا۔

خروجه يضاهي خروج رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم بدر (ص ۲۶۰۔ روض)

ترجمہ: حضرت زید رضی اللہ عنہ کا اس وقت اٹھ کھڑا ہونا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بدر میں تشریف لے جانے سے مشابہ ہے۔

ایک شخص نے پوچھا۔ اس وقت حضرت محمد نفس زکیہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ جنگ میں شریک ہونا بہتر ہے یا فریضہ حج ادا کرنا؟ حضرت امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: حضرت محمد نفس زکیہ رضی اللہ عنہ کا ساتھ دینا پچاس حج سے بھی زیادہ فضیلت و ثواب رکھتا ہے۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ تحفہ اثنا عشریہ میں لکھتے ہیں: کہ جو صحبت و تلمذ اور علم و عرفان حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کو حضرات ائمہ اہل بیت حضرت امام محمد باقر رضی اللہ عنہ اور امام جعفر صادق اور زید بن علی بن حسین علیہم الصلوٰۃ والسلام سے حاصل ہوا وہ بیان سے مستغنی ہے۔ خود حضرت امام صاحب نے اس کا اعتراف ان الفاظ میں فرمایا ہے۔ لَوْلَا السَّنَتَانِ لَهَلَكَ النُّعْمَانُ اگر مجھے سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی یہ صحبت اور فیضان علم نصیب نہ ہوتا تو میں (نعمان) ہلاک ہو جاتا۔

اہل سادات کی تعظیم و تکریم کے سلسلہ میں آپ کا یہ واقعہ بہت مشہور ہے کہ ایک مرتبہ درس علم و فضل کی محفل گرم تھی۔ مسند صدارت پر امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ متمکن تھے۔ دوران گفتگو میں آپ کئی بار کھڑے ہو جاتے اور پھر بیٹھ جاتے۔ بظاہر بار بار کھڑا ہونے کی وجہ معلوم نہ ہوتی تھی۔ اختتام مجلس پر ایک شخص نے اس عجیب و غریب واقعہ کا سبب دریافت کیا

تو آپ نے فرمایا۔ میرے دل کو اس لڑکے سے محبت ہے کیونکہ یہ سید زادہ ہے۔ جب نگاہ اس پر پڑتی ہے تو تعظیماً کھڑا ہو جاتا ہوں۔ قدردان جانتے ہیں قدر اہل بیت۔

ائمہ اہل بیت کی مجلس میں حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی حاضری کی کیفیت کیا ہوتی تھی اور آپ ان حضرات کا کتنا ادب واحترام کرتے تھے۔ اس کا صحیح نقشہ مورخین نے ان لفظوں میں پیش کیا ہے۔

قعد ابو حنيفة كالمستوفز معظما له۔ امام ابوحنیفہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے سامنے یک گونہ بے چینی اور مرعوب سا بن کی طرح بیٹھا کرتے تھے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ حضرت امام کی شان فضیلت اور عظمت سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا دل معمور ہے۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ جب بھی حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے خطاب کرتے تو پورے خلوص قلب سے عرض کرتے۔

جعلت فداک! میں حضور پر قربان ہو جاؤں

حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ: آپ کو بھی اہل بیت اطہار سے بے پناہ محبت وارادت تھی اور آپ کی سوانح حیات اس قسم کے گوہر ہائے شب چراغ کی روشنی سے بھرپور ہے۔ ان اوراق کی تنگ دامانی اس تفصیل کی اجازت نہیں دیتی

وسعت دل ہے بہت وسعت صحرا کم ہے
اس لئے مجھ کو تڑپنے کی تمنا کم ہے

صرف ایک حیرت انگیز واقعہ عرض کرتا ہوں تاکہ واضح ہو جائے کہ اہل سنت کے ائمہ حق خاندان نبوت کو کیسی عقیدت مندانہ نگاہوں سے دیکھتے تھے اور ان کے قلوب میں اہل بیت کرام کا کتنا ادب واحترام موجزن تھا۔

اہل بیت اطہار کے چشم وچراغ محمد نفس زکیہ صلوٰۃ اللہ علیہ وعلی آبائہ الکرام کی علانیہ امداد وحمایت کے سلسلہ میں حکومت وقت نے آپ کے ساتھ نہایت سلوک برتاؤ کیا چنانچہ خلیفہ ابوجعفر منصور عباسی کے حکم سے جعفر بن سلیمان گورنر مدینہ نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے جسم نازنین پر کوڑے مارے گئے اور حضرت امام کے مونڈھے سے ہاتھ اتروا دئے گئے جس کی وجہ سے آخر تک آپ ہاتھ پوری طرح اٹھا سکتے تھے اور نہ بدن پر چادر اپنے دست مبارک سے درست کر سکتے تھے۔ مار کی شدت جب ناقابل برداشت ہوئی تو آپ بیہوش ہو گئے۔ جب ہوش آیا تو زبان اقدس پر یہ دعا جاری تھی۔

اللهم اغفر لهم فانهم لا يعلمون

ترجمہ: پروردگار! ان لوگوں کو معاف فرما دیجئے کیونکہ یہ جانتے نہیں ہیں۔

سیاسی مصلحت اور بغاوت کے خوف کی بنا پر خلیفہ منصور نے آپ سے سیاسی معافی مانگی اور مدینہ کے نئے گورنر جعفر بن سلیمان کو رخصت کر دیا اور گورنر کو سیدنا امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں اس پیغام کے ساتھ بھیجا کہ مصر کے گورنر نے آپ کے ساتھ جو بدسلوکی اور زیادتی کی تھی وہ سلیمان کا ذاتی فعل تھا، میں اس سے بری الذمہ ہوں، تاہم میں آپ سے معافی چاہتا ہوں۔ مجرم کو آپ کی خدمت میں بھیج رہا ہوں۔ آپ جس طرح چاہیں اس بدبخت سے بدلے لے سکتے ہیں۔

اس موقعہ پر امام اہل سنت نے جس عالی ظرفی اور سعدی تقویٰ کا ثبوت دیا ہے وہ انہی کی شان ہے۔ امام صاحب نے فرمایا۔

معاذ اللہ قسم ہے رب محمد کی ابرو جو ... جسم ... حضور سید عالم ﷺ کی قرابت کا خیال کر کے اسی وقت معاف کر چکا تھا۔ (تذکرۃ المحدثین اسد ص ۳۸)

... کشتاں پاک علیہ ...

حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ: آپ اہل بیت کے سچے فدائی اور خادم تھے۔ اہل بیت کے فضائل وکمالات کا جس قدر مواد آپ کی کتابوں میں ملتا ہے کہیں اور موجود نہیں۔ آپ کی زندگی کا روشن باب اکابرین اہل سنت کو مطعون کرنے والوں کے لئے سرمہ بصیرت ثابت ہونا چاہئے کہ سادات کرام کا کوئی فرد خواہ بچہ ہو یا بوڑھا جب کبھی آپ کی مجلس میں تشریف لاتا تو محبت رسول میں سرشار امام صاحب اس سید کی تعظیم کے لئے کھڑے ہو جاتے تھے۔ (صواعق محرقہ)

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ: اہل بیت کی تعریف وتوصیف آپ کا وظیفہ حیات تھا۔ آپ کا اہل بیت کی بارگاہ عظمت مآب میں ... نذرانہ عقیدت پیش کیا۔ سفر وحضر میں سادات کرام کی تعریف وتوصیف فرمایا کرتے تھے۔

يا اهل بيت رسول الله حبكم
فرض من الله في القرآن انزله

اے اہل بیت رسول اللہ ﷺ آپ سے محبت رکھنا اللہ نے

قرآن میں جو ان سے ہمارے لئے فرض قرار دیا ہے۔

کفاکم من عظیم القدر انکم

من لم یصل علیکم لا صلوٰۃ له

تمہاری عظمت وشان کے لئے یہی کافی ہے کہ جس نے تم پر درود نہیں پڑھا اس کی نماز ہی قبول نہیں۔

قالوا ترفضت قلت کلا

ما الرفض دینی ولا اعتقادی

بعض جاہلوں نے مجھ کو کہا کہ تو رافضی ہو گیا ہے۔ میں نے کہا ہرگز نہیں میرا دین اور میرا اعتقاد رافضیوں کا سا نہیں ہے۔

حق کے علمبردار اور اسلام کے داعی امام اہل سنت اہل بیت عظام کے متعلق کتنے پاکیزہ خیالات رکھتے ہیں اور کس قدر حب آل محمد میں سرشار معلوم ہوتے ہیں۔ اس شعر کے تیور ملاحظہ فرمائیں۔

ان کان رفضا حب آل محمد

فلیشهد الثقلان انی رافض

کہ اہل بیت نبوت سے محبت کرنے کا نام رفض ہے تو دونوں جہان گواہ رہیں کہ ان معنوں میں میں پکا رافضی ہوں (امام شافعی)

اہل بیت سے محبت کرنا رفض نہیں بلکہ رافضی وہ گستاخ اور بدبخت انسان ہے جو (تمام صحابہ) حضور ﷺ کی عظمت [illegible] مطہرات بھی [illegible] رضی اللہ عنہم کو مسلمان ہی نہیں سمجھتا اور اہل بیت کی محض محبت کا دعویٰ تو کرتا ہے مگر عمل اس کا مخالف ہے۔

ہمارے علماء و مفتیان کرام نے لکھا ہے کہ اس شخص کو کافر کہا ہے جو کسی قاضی یا عالم یا فقیہ یا سید کی توہین کرتا ہے۔ (ہندیہ)

از خدا خواہیم توفیق ادب

بے ادب محروم گشت از فضل رب

سید صحیح النسب اگرچہ عمل کے لحاظ سے [illegible] ہو مگر نسبی شرافت کی وجہ سے وہ ادب، تعظیم اور محبت و شفقت کا مستحق ہے اور اس کی اہانت اور گستاخی جناب سرور دو عالم ﷺ کی تنقیص و اذیت کا باعث ہے چنانچہ امام فخر الدین رازی فرماتے ہیں۔

لا یجوز للعالم والمفتی ان یصدر

ای یجلس مقدما علی الامی والاب

الامی لانه اساءة الی الدین ۔ (فیصلہ شرعیہ)

ترجمہ: کسی عالم یا پرہیزگار کے لئے جائز نہیں کہ وہ سید کے (ان پڑھ) باپ ای کے آگے بیٹھے۔ کیونکہ یہ مذہب و دین میں بے ادبی اور گستاخی ہے۔

سید کی تعریف: دراصل سید ان حضرات کو کہتے ہیں جن کا شجرہ نسب [illegible] حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا تک پہنچتا ہو اور [illegible] بچے ہوں کیونکہ آیت تطہیر کے لحاظ سے صحیح النسب سید [illegible] کی گندگی و نجاست سے آلودہ نہیں [illegible]۔ شرعی طور پر ہر ممکن تعظیم کے وہی سید مستحق ہیں جو شریعت محمدیہ کا مجسمہ ہوں۔ [illegible] شیعہ اور [illegible] کی [illegible] تصویر ہوں۔ اپنے [illegible] کے مسلک حقہ پر سختی سے عمل پیرا ہوں۔ بیشک سیدوں کی محبت و تعظیم نجات کا ذریعہ اور اس کی پیروی سلامتی ایمان کا موجب ہے اور اگر سید صحیح النسب ہو عقائد صحیحہ کا حامل ہو مگر علم و عمل کی حیثیت سے پیچھے رہ گیا ہو تب بھی وہ اپنی شرافت نسبی کی وجہ سے محبت و تعظیم کا حق دار ہوگا۔ مگر جس کے عقائد غیر شرعیہ ہوں [illegible] سے محبت نہیں اور [illegible] غیر شرعیہ کی تعظیم [illegible] کسی مسلمان سے کسی حالت میں جائز نہ ہوگی۔

اس پرفتن زمانہ میں [illegible] غیر سید کی شناخت [illegible] ہے۔ آج کل ہر شخص کے دل میں سید بننے کی خواہش کروٹ لے رہی ہے۔ حالانکہ اسلامی شریعت میں یہ بہت بڑا جرم ہے کہ کوئی شخص اپنا نسب تبدیل کرے اور غیر باپ کو اپنا باپ بنائے۔ چنانچہ صحیح بخاری میں ہے جناب رسالتمآب ﷺ نے فرمایا "جو شخص اپنا نسب غیر شخص کی طرف منسوب کرے اس پر خدا، فرشتوں، جنوں اور انسانوں کی لعنت ہے اور وہ میری شفاعت سے بھی محروم ہے۔"

ظاہر ہے کہ جو شخص غیر سید ہو کر اپنے آپ کو سید بناوے تو وہ بھی اپنے حقیقی باپ کو چھوڑ کر کسی سید کو اپنا باپ مقرر کر رہا ہے۔

بدقسمتی سے پاکستان میں بھی ایسے لوگوں کی کثرت موجود ہے جو درحقیقت سید نہیں مگر وہ اپنے آپ کو سید ظاہر کر کے قوم کے مال، متاع اور اسلام و ایمان کی دولت کو دن رات لوٹ رہے ہیں۔ بیشک ملت اسلامیہ کی تابندہ پیشانی پر یہ ایک بدنما دھبہ ہے جس کو جتنی جلدی ہو سکے دور کر دینا چاہیے۔

سید الطائفہ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ [illegible]

[illegible] میں [illegible] سے پہلے [illegible]

میں [illegible] اور [illegible] شاہی [illegible]

[illegible] ایک [illegible] شاہی [illegible]

نے تمہارے پہلوان جنید رحمۃ اللہ علیہ کی بہت شہرت سنی ہے۔ [illegible]

[illegible] کشتی [illegible]

[illegible] جیسے [illegible] کر دیا

[illegible] جنید رحمۃ اللہ علیہ جیسے شہرہ آفاق پہلوان سے کشتی [illegible]

[illegible] سبحان اللہ!

آخرکار اس شخص کے بے حد اصرار کی وجہ سے بادشاہ نے [illegible] حضرت جنید [illegible] [illegible] شخص نے کشتی لڑنے سے پہلے جنید رحمۃ اللہ علیہ کے کان میں [illegible] اور [illegible]

[illegible] تماشائیوں کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں [illegible] کا نامی گرامی پہلوان چاروں شانے چت [illegible] چھاتی [illegible] [illegible] عام ہوا۔ [illegible] بادشاہ [illegible] رخصت [illegible] حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ سے [illegible] دریافت کی۔ حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ نے وجہ بیان کردی۔ بادشاہ بہت متعجب ہوا اور [illegible] تعریف کی۔ [illegible] ایک سید کی عزت کے لئے تم نے کس قدر ذلت اٹھائی [illegible] شب جمال سید المرسلین ﷺ سے مشرف ہوئے۔ [illegible] جنید رحمۃ اللہ علیہ [illegible] [illegible] آپ شاہی [illegible] آپ [illegible] حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ سے حلقہ بیعت میں شامل ہوگئے۔ (تذکرہ غوثیہ)

نگاہِ مصطفیٰ ﷺ جس پہ پڑی دیکھی
بدلتی ہزاروں کی تقدیر دیکھی

العظمۃ للہ! ایک سیدزادے کی عزت و تعظیم سے حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ معرفت و رفعت کے عرش عظیم اور علم و عرفان کے معدن [illegible] ہو گئے۔

حضرت [illegible] ربانی مجدد الف ثانی [illegible] مکتوبات شریف میں [illegible] ہیں۔

[illegible] اصل [illegible]

ایک نبوت کا طریقہ اور ایک ولایت کا راستہ۔ نبوت کا طریقہ حضرت ختمی مآب ﷺ پر ختم ہو گیا۔ دوسرا طریقہ ولایت کا ہے اور یہ منصب جلیل حضرت علی [illegible] متعلق ہے۔ [illegible] منصب حسنین [illegible] [illegible] حاصل [illegible]

اپنی مکتوبات شریف میں اپنے والد ماجد کے تذکرہ میں فرماتے ہیں کہ:

[illegible] والد محترم ہمیشہ اہل بیت اطہار سے ظاہری و باطنی طور پر محبت [illegible] [illegible] محبت اہل بیت پر منحصر ہے۔ والد محترم کی وفات کے وقت میں نے [illegible] آپ کا خاتمہ کیسے ہو رہا ہے؟

آپ نے فرمایا کہ [illegible] رحمۃ اللہ علیہ ایمان سلامت [illegible] اور اہل بیت کی محبت میں مستغرق ہوں۔ الحمد للہ اولاً و آخراً

[illegible] محبت اہل بیت
[illegible] اہل [illegible]
[illegible] محبت [illegible]
[illegible] ایمان [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

عصم بجز درج شمو دو اندرو مذہب
خوارج الکاشنہ اند ، دانستہ اند
کہ درمیان افراط و تفریط محمد بیت
اسط کہ مرکز حق است و موطن
صدق کہ ... ... ست گشتہ

بس شکر اللہ سعی سعیہم

(مکتوبات شریف ۹۳-۲)

ترجمہ ... کہتے ہیں ... کیسے بیان کیا جاتا ہے کہ اہل سنت کو اہل بیت سے محبت نہیں۔ جب کہ یہ محبت ان بزرگوں کے نزدیک جز ایمان ہے اور خاتمہ کی سلامتی اس محبت کے راسخ ہونے پر موقوف ہے اہل بیت کی محبت تو اہل سنت کا حقیقی سرمایہ ہے مگر جس اس حقیقت سے غافل اور اہل بیت کی محبت ... سے حاصل ہیں ... سے جانب ... کو خود اختیار کیا ہے اور ... کے ... تفریط بیان کرکے خروج کا حکم اکابر ... یہ نہیں جانتے کہ افراط و تفریط کے درمیان ایک وسط ہے، جو مرکز حق اور موطن صدق ہے اور جو اللہ کے فضل وکرم سے اہل سنت کو حاصل ہوئی ہے۔

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

غلام صاحب بگوش رسول سادا تم
... حیات ... حبیب ...
زمیم ... ... جانے ... خطر
دو امداد بکے از ہزار حاجاتم
دم ز عشق محمد پر است و آل مجید
گواہ حال من است این ہمہ حکایاتم
چو ذرہ ذرہ شود این تنم بخاک لحد
تو بشنوی سلوت از جمیع ذراتم
کہ ... خدام خاندان قوام
رضا ... تو دائم بود مباہاتم
... ... تو ... تسلے
قبول ... این سلام و صلواتم

حضرت شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ

فلا تعدل باهل البيت خلقا
فاهل البيت هم اهل السيادة

اہل بیت کرام کے ساتھ کسی مخلوق کو برابر نہ سمجھو، چونکہ تمام روحانی سعادتیں اہل بیت ہی کا حصہ ہیں

لبغضهم من الانسان خسر
حقيقي و حبهم عبادة

... دشمنی اور عداوت ... سراسر ہلاکت ہے۔ ان کی محبت وعقیدت سراپا عبادت کا درجہ رکھتی ہے۔
(دراسات صدف للشعرانی)

حضرت ملا جامی رحمۃ اللہ علیہ

خوشا مسجد و منبر و خانقاہے
کہ در وے بود قیل و قال محمد
بصدق و صفای توان گشت جامی
غلام ... آن محمد

حضرت معین الدین اجمیری رحمۃ اللہ علیہ

شاہ است حسین بادشاہ است حسین
دین است حسین دین پناہ است حسین
سر داد نداد دست در دست یزید
حقا کہ بنائے لاالہ است حسین

حضرت شیخ امان پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ

سرمایہ روشنی ... چیز است
تہذیب اخلاق و محبت خاندان پیغمبر (ﷺ)

(اخبار الاخیار)

صوفیائے کرام کے نزدیک سرمایہ روشنی (صرف) دو چیزیں ہیں۔ تہذیب اخلاق اور اہل بیت نبوت سے سچی محبت۔

چنانچہ آپ سادات کرام کی بے حد تعظیم و تکریم فرمایا کرتے تھے۔ حتی کہ درس وتدریس کے وقت بھی کسی سیدزادے لڑکے کو دیکھ لیتے تو فوراً احتراماً کھڑے ہو جاتے اور جب تک وہ صاحبزادہ نظروں کے سامنے رہتا کھڑے رہتے۔ (اخبار الاخیار)

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ "میں نے ہمیشہ ارواح اہل بیت نبوت کو خطیرۃ القدس میں بوجوہ اتم واکمل کیفیت میں مشاہدہ کیا ہے اور اچھی طرح معلوم ہوا کہ اہل بیت کرام کی تنقیص، توہین کرنے والا سخت نقصان در سراسر خطرے میں ہے۔ (تفہیمات)

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

محمد گشتہ ... ہے

... بڑے رسول ﷺ

جناب محمد علی صاحب جوہر رحمۃ اللہ علیہ

قتل حسین اصل میں مرگ یزید ہے

اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

ترجمان حقیقت ڈاکٹر محمد اقبال صاحب رحمۃ اللہ علیہ

...	...	...	...
...	حضرت	زہرا	...
...	...	رحمۃ	...
...	امام	اولین	...
...	...	...	...
...	الحسن	خیبر شکن	شیر ...
...	آں	مرکز پرکار	عشق
...	آں	قافلہ سالار	عشق

○

... ریدہ رفت

... ویرانہ ... ریدہ رفت

بہر حق در خاک و خوں غلطیدہ است

پس بنائے لا الہ گردیدہ است

سر ابراہیم و اسماعیل بود

یعنی آں اجمال را تفصیل بود

○

آں امام عاشقاں پور بتول

سروے آزاد ز بستان رسول

بہر آں شہزادۂ خیر الملل

دوش ختم المرسلین نعم الجمل

نقش الا اللہ بر صحرا نوشت

سطر عنوان نجات ما نوشت

از نوائے زندگی سوز از حسین

اہل حق حریت آموز از حسین

تار ما از زخمہ اش لرزاں ہنوز

تازہ از تکبیر او ایماں ہنوز

... اہل سنت ... سے مقام

سے طریقت میں اہل بیت کرام پر ختم ہوتے ہیں۔ لہذا اہل بیت

... اہل سنت ... اہل سنت ...

... عقیدت ... اہل سنت ... عقیدت ...

... طریقت ...

... اہل سنت ... اہل سنت ...

... اہل بیت ... عقیدت ...

... اہل سنت ...

... سوال ...

... بکمال حضرت ...

حضرت شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ

الہی بحق بنی فاطمہ

کہ بر قول ایماں کنی خاتمہ

اگر دعوتم رد کنی ور قبول

من و دست و دامان آل رسول ﷺ

امام اہل سنت حضرت احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ بریلوی

کیا بات رضا اس چمنستان کرم کی

زہرا رضی اللہ عنہا ہے کلی جس میں حسین رضی اللہ عنہ اور حسن رضی اللہ عنہ پھول

تیری نسل پاک میں ہے بچہ بچہ نور کا

تو ہے عین نور تیرا سب گھرانہ نور کا

حضرت حسن رضا رحمۃ اللہ علیہ البریلوی

کس زباں سے ہو بیاں عز و شان اہل بیت

مدح گوئے مصطفی ہے مدح خوان اہل بیت

... محبوب خدا

... قسمت ... اہل بیت

حضرت شاہ نیاز احمد رحمۃ اللہ علیہ بریلوی

اے دل بگیر دامن سلطان اولیاء

یعنی حسین رضی اللہ عنہ ابن علی رضی اللہ عنہ ...

قطب عالم حضرت مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ گولڑوی

مہر علی رضی اللہ عنہ ... نبی ﷺ ... نبی ﷺ سے مہر علی ...

... لحمک لحمی جسمک جسمی ...

جناب بیدم صاحب وارثی رحمۃ اللہ علیہ

ناموس رسالت ﷺ

[illegible]

بسم اللہ [illegible]

[illegible] قادیانی [illegible] کی [illegible] مرزا قادیانی [illegible] نبوت [illegible] قادیانی [illegible] ہوں [illegible] نبوت [illegible] مسلمانوں میں اپنا ایک حلقہ پیدا کرو۔ [illegible] دو اور مسلمانوں کے دلوں میں اپنی جگہ [illegible] مسلمان [illegible] [illegible]

جب تم یہ تمام مراحل طے کر لو تو پھر دعویٰ [illegible] اس عرصہ میں [illegible] مقدار [illegible] تمہارے قریب [illegible] "محمد ﷺ" کو نکال دو [illegible] محمد ﷺ [illegible] صرف وہ نام نہاد مسلمان چاہئیں [illegible] محمد ﷺ اور نہ "محمد ﷺ" [illegible] مسلمانوں کی کھیپ چاہئے [illegible] محمد ﷺ [illegible]

☆ [illegible] ﷺ [illegible]

☆ [illegible] ﷺ [illegible]

☆ [illegible] ﷺ [illegible]

☆ [illegible] ﷺ [illegible]

☆ جن میں [illegible] قرآن کی توہین، رسول ﷺ [illegible] ہو

☆ جو رسول ﷺ [illegible] برداشت کر جائیں۔

☆ [illegible] ﷺ [illegible] سے محروم ہوں

رسول ﷺ کی بے حرمتی پر ان کے سینوں سے کوئی ہوک نہ اٹھے رسول ﷺ کے بارے میں ہرزہ سرائی ان کے کانوں پر [illegible]

[illegible] قادیانی سے کہا کہ [illegible] تم سے دعویٰ نبوت [illegible] لیے کرایا جا رہا ہے کہ تم ان بے غیرت مسلمانوں کے [illegible] جاؤ حتیٰ کہ پوری امت مسلمہ [illegible] عشق [illegible] (نعوذ باللہ)

[illegible] قادیانی ساری زندگی اس کام میں [illegible] قادیانی کے جہنم واصل ہونے کے تقریباً [illegible] صدی بعد عالمی عیسائیت و یہودیت نے ایک ایمان فروش اور غدار [illegible] وحید الدین خان "کو بڑے مہنگے داموں خریدا۔ اور اسے کہا کہ ہمیں تم سے دعویٰ نبوت تو نہیں کرانا۔ دعویٰ نبوت کا کام تو مرزا قادیانی سے لے چکے ہیں [illegible] اس کی [illegible] اس کام کو پوری دنیا میں خوب [illegible] ہے۔ ہم نے تمہیں مرزا قادیانی والا ایک بنیادی کام سونپا ہے۔ [illegible] کہ تمہیں مسلمانوں کے دلوں سے "محمد ﷺ" اور "محمد ﷺ [illegible] نکالنا ہے۔ لیکن تمہیں بھی مرزا قادیانی کی طرح فوراً یہ کام [illegible] نا بلکہ "ابھی تم کچھ کتابیں لکھو اور مسلمانوں میں اپنا حلقہ [illegible] کبھی تم مختلف مقامات پر کچھ لیکچرز دو اور مسلمانوں کے دلوں [illegible] تحریریں لکھو [illegible] مسلمان تمہیں اپنا غمگسار سمجھیں۔ کبھی تم عیسائیوں اور ہندوؤں کے خلاف [illegible] مضامین [illegible] کہ مسلمان تمہیں اسلام کا وکیل سمجھیں۔

وحید الدین خان نے یہ تمام مراحل بڑی عیاری سے طے کیے اور مسلمانوں میں اپنا ایک حلقہ پیدا کر لیا۔ جب لوگوں پر اپنی دینداری کا [illegible] مرزا قادیانی کی طرح اپنے ترکش سے زہریلے تیر

چلانے شروع کر دیئے۔

اب آپ وحید الدین خان اور قادیانی جماعت کے طریقہ ہائے واردات میں مطابقت اور مماثلت دیکھئے اور ملاحظہ فرمایئے کہ دونوں کا طریقہ کار ایک ہے، دونوں کا مشن ایک ہے، دونوں کی منزل ایک ہے اور دونوں کا آقا ایک ہے۔

☆ اپریل ۱۸۹۸ء میں جب ایک دریدہ دہن اور بدطینت عیسائی ڈاکٹر احمد شاہ ایک دلآزار کتاب "امہات المومنین" لکھی تو ہندوستان کے غیرت مند مسلمانوں میں ایک کہرام مچ گیا۔ امہات المومنین کے بیٹے سراپا احتجاج بن گئے۔ انجمن حمایت اسلام نے حکومت کو ایک زبردست میموریل بھیجی تو اس وقت کے وحید الدین، غدار اسلام، مرزا قادیانی نے غیور مسلمانوں کے برخلاف حکومت کو جو میموریل بھیجا، اسے ملاحظہ فرمایئے اور دیکھئے کہ مرزا قادیانی عشق رسول ﷺ اور غیرت رسول ﷺ کو کچلنے کیلئے کتنی بڑی سازش کا نام تھا۔

"میرا اصول یہ ہے کہ مذہبی مباحثات میں صبر اور اخلاق سے کام لینا چاہئے، اسی وجہ سے جب عام مسلمانوں نے مصنف کتاب امہات المومنین کے سزا دینے کیلئے انجمن حمایت اسلام کے ذریعہ سے گورنمنٹ کو میموریل بھیجے تو میں نے اس سے اتفاق نہیں کیا، بلکہ ان کے برخلاف میموریل بھیجا اور صاف طور پر لکھا کہ مذہبی امور میں اگر رنج دہ امر پیش آئے تو اسلام کا اصول عفو درگزر ہے۔ قرآن ہمیں صاف ہدایت کرتا ہے کہ اگر مذہبی گفتگو میں سخت لفظوں سے تمہیں تکلیف دی جائے تو تنگ ظرف لوگوں کی طرح عدالتوں تک مت پہنچو اور صبر اور اخلاق سے کام لو"۔ ("کشف الغطاء" ص۷، "روحانی خزائن" ص ۱۸۶، ج ۱۴، مصنفہ مرزا قادیانی)

قسم ہے نڈھال مسلمانوں کے زخموں پر نمک چھڑکتے ہوئے مرزا قادیانی کی مزید ہرزہ سرائی سنئے:

"گورنمنٹ عالیہ میں اس وقت ہماری یہ التماس ہے کہ جو انجمن حمایت اسلام لاہور نے میموریل گورنمنٹ میں اس بارہ میں روانہ کیا ہے، وہ ہمارے مشورہ اور اجازت سے نہیں لکھا گیا، بلکہ چند شتاب کاروں نے جلدی سے یہ جرات کی ہے جو در حقیقت قابل اعتراض ہے، ہم ہرگز نہیں چاہتے۔ ہم تو جواب نہ دیں اور گورنمنٹ ہمارے لئے عیسائی صاحبوں سے باز پرس کرے، یا ان کتابوں کو تلف کرے بلکہ ہماری طرف سے سنجیدگی اور نرمی کے ساتھ اس کتاب کا رد شائع ہوگا تو وہ کتاب اپنی قدر و قیمت اور وقعت سے گر جائے گی اور اس طرح پر وہ خود تلف ہو جائے گی اس لئے ہم بادب ملتمس ہیں کہ اس میموریل کی طرف جو انجمن مذکور کی طرف سے بھیجا گیا ہے، گورنمنٹ عالیہ بھی کچھ توجہ نہ فرمائے۔ (الراقم مرزا غلام احمد قادیانی، ضلع گورداسپور، مورخہ ۴ مئی ۱۸۹۸ء: "تبلیغ رسالت" جلد ۷، ص ۳۶، "مجموعہ اشتہارات" ۲۳ ص ۱۳ ج ۳، مرزا غلام احمد قادیانی)

کتاب بھی گورنمنٹ نے لکھوائی تھی اور تمہیں "نبوت" بھی گورنمنٹ نے دی تھی۔ اس لئے تمہیں ایسی ہی باتیں زیب دیتی تھیں (مولف)

☆ ...... اس المناک حادثے پر مرزا قادیانی پھر گوہر فشاں ہوتا ہے:

"ہم گورنمنٹ عالیہ کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم دردناک دل سے ان تمام گندے اور سخت الفاظ پر صبر کرتے ہیں جو صاحب کتاب امہات المومنین نے استعمال کئے ہیں اور ہم اس مولف اور اس کے گروہ کو ہرگز کسی قانونی مواخذہ کا نشانہ بنانا نہیں چاہتے"۔ (الراقم مرزا غلام قادیانی، ضلع گورداسپور، مورخہ ۴ مئی ۱۸۹۸ء: "تبلیغ رسالت" جلد ۷، ص ۳۶، "مجموعہ اشتہارات" ۲۳۰، ص ۱۳ ج ۳ مرزا غلام احمد قادیانی)

(چوٹ تو مسلمانوں کے قلب وجگر پر لگی تھی اور تم مسلمانوں کی مانند کراہنے والے کون ہوتے ہو؟ اے مرتد مرزا قادیانی! تم تو خود شاتم رسول تھے (مولف)

بھارتی نژاد مصنف ملعون رشدی نے جب سرور کونین ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی کرتے ہوئے اپنی کتاب "شیطانی آیات" لکھی تو پوری دنیا کا مسلمان ماہی بے آب کی طرح تڑپ اٹھا۔ اپنے پیارے آقا ﷺ کے غم میں مسلمان خون کے آنسو روئے۔ پوری دنیا کے مسلمان اپنے اپنے ممالک کی سڑکوں پر نکل آئے۔ ملت اسلامیہ کے نوجوان بپھرے ہوئے شیروں کی طرح رشدی کو ڈھونڈنے لگے۔ پورے عالم اسلام نے رشدی پر قتل کا فتویٰ دیا۔ سلطان نور الدین زنگی اور غازی علم الدین شہید کے وارثوں نے رشدی کے قتل کی قسمیں کھائیں لیکن عالم کفر نے رشدی کو اپنے زبردست حصار میں چھپا لیا اور ابھی تک کفر اس کی حفاظت پر کروڑوں ڈالر خرچ کر رہا ہے۔ لیکن ملعون کب تک بچے گا۔ اس لعین وملعون کی حفاظت کرتے ہوئے عصر حاضر کا مرزا

[illegible]

معاملات میں ہمیں کیا کرنا ہے۔ ہمیں صرف یہ کرنا ہے کہ ہم ایسے لوگوں کے حق میں اصلاح اور ہدایت کی دعا کریں [illegible] باوقار طریقہ سے ان کی غلط فہمی کو دور کریں۔ [illegible] وضاحتی مضامین لکھ کر اخبارات میں شائع کرائیں [illegible] مسلمانوں کو کرنا ہے۔ اس کے سوا مسلمان جو کچھ کرے [illegible] غضب کو دعوت دینے والا ہے نہ کہ خدا کی رحمت۔ [illegible]

[illegible]

[illegible] ان ایمانی جلوسوں پر تنقید کرتا ہوا وحید الدین خاں صفحہ قرطاس پر یوں زہر بکھیرتا ہے:

[illegible]

[illegible] ساری بحث کے بعد مرزا قادیانی اور وحید الدین خاں کے طریقہ واردات میں مطابقت دیکھئے۔

[illegible] ایک حصہ سڑک سیدھی کرنے کے لیے شہید کر دیا [illegible] زخمی سینوں کو گولیوں سے چھلنی کر دیا۔ بیسیوں مسلمان شہادت کے جام نوش کر گئے۔ [illegible] کیا انسانیت آج بھی اس پر لعنتوں کے ڈونگرے برسا رہی ہے؟

[illegible]

مرزا بشیر الدین اور وحید الدین میں [illegible]

[illegible]

کی ایک تصویر تھی وہ بھی فریم کی شکل میں چھپ [illegible]

ہزار کی تعداد میں بکھرے ہوئے مسلمانوں نے اخبار کی [illegible]

[illegible]

پھر کیا وہ بھی یکساں طور پر لغو ہے۔ وہ اس مضمون کو دیکھ کر مشتعل ہو گئے انہوں نے جماعت مذکور کے دفتر پر دھاوا بول دیا اور اسکے کارکنوں کو جھنجھوڑا جس میں ایک کروڑ روپیہ کا مادی نقصان ہوا تھا۔ ان مسلمانوں نے اپنے اس عمل کو اسلامی جہاد کا نام دیا ہے مگر یہ سراسر سرکشی کا اقدام ہے۔ اس قسم کا ہر عمل مسلمانوں کی طرف سے اس جرم کے ہم معنی ہے کہ وہ مقدس عمل جس کو قرآن و حدیث میں جہاد فی سبیل اللہ کہا گیا ہے۔

("...رسول کا مسئلہ" ص ۲۰ از وحید الدین خان)

جوش جہاد پاک دلوں سے نکل گیا
آنکھوں سے شرم سرورِ کون و مکاں گئی

(مولف)

شاطر فرنگی نے مسلمانوں کو جذبہ جہاد سے تہی دامن کرنے کے لیے مرزا قادیانی کو کھڑا کیا تھا۔ فرنگی سمجھتا تھا کہ جذبہ جہاد سے لیس مسلمان ہمارے لیے دردسری کا باعث ہیں اور جذبہ جہاد سے عاری مسلمان ہمارے لیے بھیڑ بکریاں ہیں۔ اسی لیے مرزا قادیانی ساری زندگی مسلمانوں کو بھیڑ بکریاں بنانے کی کوشش میں رہا۔ منسوخی جہاد پر مرزا قادیانی کی تحریریں ملاحظہ فرمائیے

"اب چھوڑ دو جہاد کا اے دوستو خیال
دیں کے لیے حرام ہے اب جنگ اور قتال
اب آ گیا مسیح جو دیں کا امام ہے
دیں کے تمام جنگوں کا اب اختتام ہے
اب آسماں سے نور خدا کا نزول ہے
اب جنگ اور جہاد کا فتویٰ فضول ہے
دشمن ہے وہ خدا کا جو کرتا ہے اب جہاد
منکر نبی کا ہے جو یہ رکھتا ہے اعتقاد"

(ضمیمہ تحفہ گولڑویہ ص ۴۲ مصنف مرزا قادیانی)

☆ "آج سے انسانی جہاد جو تلوار سے کیا جاتا تھا خدا کے حکم کے ساتھ بند کیا گیا۔ اب اس کے بعد جو شخص کافر پر تلوار اٹھاتا ہے اور اپنا نام غازی رکھتا ہے وہ اس رسول کریم ﷺ کی نافرمانی کرتا ہے"

(خطبہ الہامیہ ضمیمہ ص ۲۹ مصنف مرزا قادیانی)

☆ "گورنمنٹ انگلشیہ خدا کی نعمتوں سے ایک نعمت ہے۔ یہ ایک عظیم الشان رحمت ہے۔ یہ سلطنت مسلمانوں کے لیے آسمانی برکت کا حکم رکھتی ہے۔ خداوند رحیم نے اس سلطنت کو مسلمانوں کے لیے بارش رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ ایسی سلطنت سے لڑائی اور جہاد کرنا قطعی حرام ہے۔"

(شہادت القرآن ضمیمہ ص ۱۰ مصنف مرزا قادیانی)

☆ "آج سے دینی جہاد بند کیے گئے اور لڑائیوں کا خاتمہ ہو گیا۔" (ضمیمہ خطبہ الہامیہ ص مصنف مرزا قادیانی)

☆ "آج سے دین کے لیے لڑنا حرام کیا گیا"

(ضمیمہ خطبہ الہامیہ ص مصنف مرزا قادیانی)

☆ "اور میں نے بیسیوں برس سے اپنے ذمہ یہ فرض کر رکھا ہے کہ ایسی کتابیں جن میں جہاد کی مخالفت ہو، اسلامی ممالک میں ضرور بھیج دیا کرتا ہوں۔ اسی وجہ سے میری عربی کتابیں عرب کے ملک میں بھی شہرت پا گئی ہیں" (تحریر مرزا قادیانی مورخہ ۱۸ نومبر ۱۹۰۱ مندرجہ تبلیغ رسالت جلد ص ۹۱)

☆ "میں نے یہ کتابیں عرب کے دو مقدس شہروں مکہ و مدینہ میں خوب شائع کی ہیں۔ اس کے علاوہ روم کے پایہ تخت قسطنطنیہ اور بلاد شام مصر اور افغانستان کے متفرق شہروں میں جہاں تک ممکن تھا ان کی اشاعت کی ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ لاکھوں انسانوں نے جہاد کے وہ غلیظ خیالات چھوڑ دیے جو نافہم ملاؤں کی تعلیم سے ان کے دلوں میں تھے۔ مجھے اس خدمت پر فخر ہے کہ برٹش انڈیا کے تمام مسلمانوں میں سے اس کی کوئی نظیر کوئی مسلمان نہیں دکھا سکتا"۔ ("تبلیغ رسالت" جلد ہفتم ص ۱۷ مصنف مرزا قادیانی)

آج کی دنیا میں ابھرتی ہوئی اسلامی جہادی تحریکوں (افغانستان، کشمیر، چیچنیا، بوسنیا، الجزائر، سوڈان، فلسطین ۔۔۔۔ وغیرہ) کو دیکھ کر مغرب پر لرزہ طاری ہے۔ رہی سہی کسر پاکستان کے ایٹم بم نے نکال دی ہے۔ ان مسلمانوں کے دلوں سے جذبہ جہاد نکالنے کیلئے عالم کفر نے مرزا قادیانی کی ذریت وحید الدین خان کو ڈیوٹی دی ہے۔ دیکھئے وحید الدین اپنی ان کرتوتوں سے مسلمانوں کو کس طرح مجبور کر رہا ہے

"چونکہ موجودہ زمانہ کے مسلمانوں نے دعوت کے شعور کو کھو دیا ہے اس لیے ان کا پورا اسلامی رویہ بگڑ کر رہ گیا ہے۔ وہ اسلام کے نام پر ایسی حرکتیں کرتے ہیں۔ جن کا اسلام سے قطعاً کوئی تعلق نہیں ہوتا۔"

"موجودہ زمانے کے مسلمان نہ صرف یہ کہ دعوت کا کام نہیں کر رہے ہیں بلکہ وہ مسلسل طور پر دعوت کو قتل کرنے میں مشغول ہیں۔ دوسری قوموں کو

یہی ذریعہ سمجھتا ہے کہ ان کے مقاصد میں حقیقی طور پر ... پیدا ہوں۔ وہ ٹکڑے ٹکڑے کرنا جس کے نتیجہ میں داعی اور مدعو کے درمیان تعلقات ختم ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح کی تمام سرگرمیاں دعوت کی صلاحیت کی قاتل ہیں۔ وہ دعوت و نصیحت کی قاتل ہیں۔ مگر ساری دنیا کے مسلمان ... انہیں دعوت کش سرگرمیوں میں مشغول رہتے ہیں۔ ... کے کا بھی یہ سوچ نہیں پاتے کہ ایسا کر کے وہ اپنے خلاف عذاب غضب کو بڑھا رہے ہیں"۔ ("پیغمبر رسول کا مسئلہ" ص ۹۱ از وحید الدین خان)

وہ اک دھبہ ہیں علم و آگہی کے نام پر
تیرگی پھیلا رہے ہیں روشنی کے نام پر

☆ "فرض کیجئے کہ ایک شخص آپ کے خلاف ایک بے ہودہ کھوٹ گھڑتا ہے اور اس کو کتاب کی صورت میں چھاپ کر بازار میں لے آتا ہے۔ اب آپ کی کامیابی کس چیز پر ہوگی۔ آپ کی کامیابی اس میں ہوگی کہ یہ کتاب لوگوں کے درمیان غیر مقبول ہو کر رہ جائے۔ کوئی اس کو حاصل کر کے پڑھنے کی ضرورت نہ سمجھے۔ یہ مقصد سب سے زیادہ خاموشی کے ذریعہ حاصل ہوتا ہے۔ اگر آپ اس کتاب کے خلاف شور مچائیں تو اس کا اشتہار ہوگا۔ لوگ غیر ضروری طور پر اس کی طرف متوجہ ہو جائیں گے۔ اس کے برعکس اگر آپ اس کی طرف سے خاموشی اختیار کر لیں تو اس کو شہرت حاصل نہ ہو سکے گی۔ اس کی کتاب اپنے آپ مر جائے گی۔
("پیغمبر رسول کا مسئلہ" ص ۱۸۰ از وحید الدین خان)

کارواں کو لوٹنے کے لئے
رہزنوں نے دیے جلائے ہیں

☆ "ایک شخص آپ کے اوپر کیچڑ پھینکتا ہے آپ کے گھر میں گندگی ڈال دیتا ہے۔ اب اگر آپ مشتعل ہو کر اس سے لڑنے لگیں تو آپ نے اس کے مقصد کو پورا کیا۔ آپ کی اشتعال انگیز کارروائی اس کو مزید موقع دے گی۔ وہ اپنے ساتھیوں کو جمع کر کے آپ کے خلاف مکمل فساد برپا کر دے گا۔ لیکن اگر آپ اس کی اشتعال انگیزی پر مشتعل نہ ہوں تو گویا آپ نے اس کے منصوبہ کو ناکارہ کر دیا"۔ ("پیغمبر رسول کا مسئلہ" ص ۹۱،
از وحید الدین خان)

حسین سانپ کے نقش و نگار خوب سہی
نگاہ زہر پہ رکھو خوشنما بدن پہ نہ جا

(مولف)

"... میں سے ... [illegible]

☆ ... [illegible]

... [illegible] ... کی شکل میں ادا کیا گیا تھا۔

موجودہ حالات میں مسلمانوں کی شرعی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ اس جبری ... [illegible] ... تک پہنچا دیں۔ اس ... [illegible] ... میں صادر ہونے والے ... ہو گا۔ ... کے حق میں اپنی دعوتی ذمہ داریوں کو ادا کر سکا"۔ ("پیغمبر رسول کا مسئلہ" ص ۲۶ از وحید الدین خان)

ہر لکت فریب ہے اس کی ہر بات
عبارت کیا اشارت کیا ادا کیا

(مولف)

اگر وحید الدین خان پہلے زمانوں میں ہوتا

تو وہ خلیفہ اول سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو مشورہ دیتا کہ مسیلمہ کذاب کے خلاف لشکر روانہ نہ کیجئے بلکہ ... سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ کا لعین نام لینے والے منافق کو قتل کرنے سے روکتا اور انہیں کہتا کہ اسے بیٹھا اخلاق سے ... وہ معاذ رضی اللہ عنہ اور معوذ رضی اللہ عنہ سے کہتا کہ ابو جہل "بزرگ" ہے اور تم بچے ہو۔ بزرگ کو قتل نہ کرو بلکہ ادب کے سلیقے میں اسے دعوت دو۔ وہ حضرت خالد بن ولید سے کہتا کہ جنگ یمامہ میں مرتدین اور ... کی سرکوبی کا انتظام کرو۔ وہ حضرت فیروز دیلمی رضی اللہ عنہ سے کہتا کہ مدعی نبوت اسود عنسی کو قتل نہ کرو بلکہ اسے نصیحت کی دوا پلاؤ۔ وہ سلطان نور الدین زنگی سے کہتا کہ رسول اکرم ﷺ کی قبر مبارک تک سرنگ لگانے والے منافقوں کو قتل نہ کرو بلکہ ان کی خدمت میں دعوت و تبلیغ کے گلدستے پیش کرو۔ وہ صلاح الدین ایوبی سے شمشیر جہاد چھین لیتا اور قرآن صلیب میں ... کرنے کی کوشش کرتا۔ وہ محمد بن قاسم کو مشورہ دیتا

کرد یا اور برداشت کرو۔ وہ سلطان محمود غزنوی کو سومنات پر حملہ نہ کرنے کے بارے میں مشورہ لکھتا۔ وہ طارق بن زیاد سے کہتا ہے کہ کشتیاں نہ جلاؤ بلکہ انہیں کشتیوں میں عیسائیوں کے ساتھ دریا کی سیر [illegible]

[illegible]

کرو کیونکہ صبر پر بڑا اجر ہے۔

اس کے جواب میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی تلوار چمکتی اور وحید الدین کا سر گیند کی طرح لڑھکتا ہوا نالی میں جا گرتا۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ [illegible] چاٹ جاتا۔ معاذ رضی اللہ عنہ [illegible] چھوٹی چھوٹی [illegible]

[illegible]

سفاک مجرموں کے ساتھ پڑی ہوئی۔ سلطان صلاح الدین [illegible]

[illegible] خون سومنات کے سب سے بڑے بت پر چھڑک دیا [illegible]

[illegible]

دینار اور اچھال کی چتا میں وحید [illegible]

[illegible]

الاقوامی شاتمان رسول کی ٹیم نے [illegible] کی صورت میں [illegible]

☆ ہمارے آقا ﷺ سے ہمارا تعلق کمزور کیا جائے

ہمارے آقا ﷺ سے ہمارا تعلق [illegible]

☆ ہمارے دلوں کی وادیوں میں لہراتے ہوئے عظمت رسول ﷺ کے پرچم کو سرنگوں کیا جائے۔

اس کام کیلئے بھارتی مصنف وحید الدین خاں کی کتب کو شائع

[illegible]

اس کے [illegible] وحید الدین خاں [illegible]

[illegible] پابندی [illegible]

صدائے حق کی جراءت تو زندہ کر زمانے کو

کہ تیرے ساتھ دنیا میں ہزاروں دل دھڑکتے ہیں

وحید الدین خاں اگر ملت اسلامیہ کو بے غیرت بنانا چاہتا ہے۔

[illegible] ﷺ [illegible] چاہتا ہے

[illegible] ﷺ [illegible] چاہتا ہے

تو امت محمدیہ ﷺ کو رگوں سے عشق محمد ﷺ کا خون نچوڑنا چاہتا ہے

تو دنیا میں مسلمانوں کو بے حسی کے مجسمے بنانا چاہتا ہے۔

تو دنیا میں توہین رسالت ﷺ کو عام کرنا چاہتا ہے

تو شاتمان رسول کو حوصلے عطا کر رہا ہے

تو [illegible] ناموس رسالت ﷺ [illegible]

[illegible] وحید الدین اسلمان ایسا نہیں ہونے دے گے۔ نبی ﷺ کے دیوانے ابھی زندہ ہیں۔ ہماری تاریخ بڑی درخشاں ہے۔ عشق نبی ﷺ ہماری حیات ہے۔ عشق نبی ﷺ ہمارے دل کا سرور ہے۔ عشق نبی ﷺ ہماری قبر کی [illegible] ہے۔ عشق نبی ﷺ ہماری آنکھوں کا نور ہے۔ عشق نبی ﷺ ہماری جنت کی بہار ہے۔ ہمارا سب کچھ نام محمد ﷺ پہ نثار ہے

محمد ﷺ کی محبت دین حق کی شرط اول ہے
اسی میں ہو اگر خامی تو سب کچھ نامکمل ہے
محمد ﷺ کی محبت، آن ملت شان ملت ہے
محمد ﷺ کی محبت روح ملت جان ملت ہے
محمد ﷺ کی محبت خون کے رشتوں سے بالا ہے
یہ رشتہ دنیاوی قانون کے رشتوں سے بالا ہے
محمد ﷺ ہے متاع عالم ایجاد سے پیارا
پدر، مادر، برادر، مال جان اولاد سے پیارا

نماز اچھی، حج اچھا، روزہ اچھا، زکوٰۃ اچھی
مگر میں باوجود اس کے مسلماں ہو نہیں سکتا
نہ جب تک کٹ مروں میں خواجہ بطحا کی حرمت پر
خدا شاہد ہے کامل میرا ایماں ہو نہیں سکتا

تحریک پاکستان کے شب و روز

پروفیسر محمد حسین آسی

(1)

افسوس پاکستان میں نوجوان نسل کو پاکستان کے بنیادی مقاصد اور اس کے اسلامی تشخص سے دور کیا جا رہا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ قوم کے سامنے تحریک پاکستان کے شب و روز لا کر اس وقت کے جوش و جذبے کی صحیح تصویر پیش کر دیں۔ اس سلسلے میں خصوصیت سے مولانا ظفر علی خان کا کلام بہت مفید اور دل پذیر ہے۔ ذیل میں ان کی دو نظمیں دی جا رہی ہیں جن میں نہرو اور قائد اعظم کے طرز فکر کا موازنہ کیا گیا ہے۔ اس عنوان سے یہ ایک نیا سلسلہ شروع ہو رہا ہے

جواہر لال نہرو کا فلسفہ (لاہور، ۱۰ جولائی سنہ ۱۹۳۷ء)

دیا ہے طعنہ جینا کو جواہر لال نہرو نے
کہ یاد جاہلیت تازہ کر دی ہند میں تو نے
مسلماں کو کیا گمراہ نام اللہ کا لے کر
وطن دشمن بنایا اس کو درس اسلام کا دے کر
وہ ہے مجذوب کی بڑ جس کو تو اسلام کہتا ہے
ترے اسلام کو ہندوستاں اوپال کہتا ہے
غریبوں کیلئے مذہب کی افیوں گھولتا کیوں ہے
سیہ کاری کا یہ دروازہ ان پر کھولتا کیوں ہے
نماز و روزہ و حج کو تعلق کیا سیاست سے
عبادت رشتہ کیوں کر جوڑ سکتی ہے فراست سے
تری تکبیر کا نقارہ کر لے اپنی ڈوں ڈوں ڈوں
ہے اس ڈوں ڈوں سے بڑھ چڑھ کر مرے چرخے کی چرخ چوں
مسلماں کو ضرورت ہے تو روٹی کی ضرورت ہے
اور اس کے ساتھ گاندھی کی لنگوٹی کی ضرورت ہے
مسلمانوں کی جیبوں میں نہ پیسہ ہے نہ دھیلا ہے
اگر کچھ پاس ہے ان کے تو ایچک کا دھیلا ہے
ملے گا مانگنے سے ان کو جتنا مال و زر مانگیں
مگر جو مانگنا ہے کانگرس کے نام پر مانگیں
یہ جاہل کانگرس میں جوق در جوق آ کے مل جائیں
تو بنیادیں ملوکیت کی دو ہی دن میں ہل جائیں

محمد علی جینا کا فلسفہ (۱۲۔ جولائی سنہ ۱۹۳۷ء)

مسلماں پہلے دن سے ہیں بتوں کے توڑنے والے
بتا دو یہ پرانا قصہ گاندھی جی کے چیلوں کو
ہبل ہو لات ہو عزیٰ ہوں سب مر کے ہوئے مٹی
بچھڑتا دیکھتی آئی ہے دنیا ان کے میلوں کو
مگر کعبہ کا وہ اللہ قائم اور دائم ہے
ڈرا ہے جس سے بابا نہروؤں کو اور چیلوں کو
مسلماں باندھ کر نکلے ہے اپنے پیٹ پر پتھر
مگر تم بیچ میں لاتے ہو روٹی کے جھمیلوں کو
نہ بھولے سے بھی تم لو نام گنگا کے تھپیڑوں کا
مگر اک دن دیکھ لو زمزم کے طوفاں خیز ریلوں کو
مسلماں کی طرح سر سے کفن کیا خاک باندھو گے
سنبھالو جا کے کونسل میں وزارت کے گدیلوں کو
جب اپنے منتروں سے ان کو بھینچا تم کو نہیں آتا
چڑھاؤ گے منڈھے کس طرح آزادی کی بیلوں کو
یہ مانا کانگرس میں تم بلا لو گے ہمیں لیکن
بڑھاؤ گے سبق کس طرح جیلوں گاڑیلوں کو
حجازی فن حدی خوانی کا جب تم کو نہیں آتا
تو کیسے پھیرتے تھامو گے ان اونٹوں کی نکیلوں کو
مسلماں کیلئے کافی ہے دولت دین قیم کی
تمہاری طرح گنتا ہے وہ پیسوں کو نہ دھیلوں کو
وہ دن آنے کو ہے جب تم پکڑ کر بیچتے ہو گے
مگر ہم بھر رہے ہوں گے مسلمانوں سے جیلوں کو
جواب اس قول فیصل کا جواہر لال کیا دیں گے
کہ دیکھو تو مسلماں کی مسلمانی کے کھیلوں کو

ہمارا حسین علیہ السلام

﴿پروفیسر محمد حسین آسی﴾

شمع حریم حرم ! کون ؟ ہمارا حسین رضی اللہ عنہ
عظمت لوح و قلم کون ؟ ہمارا حسین رضی اللہ عنہ
شارح سر یقیں ، حافظ شرع متیں
دین مبیں کا بھرم ! کون ؟ ہمارا حسین رضی اللہ عنہ
نور نگاہ نبی ﷺ ، پور بتول و علی رضی اللہ عنہما
منبع حلم و کرم ! کون ؟ ہمارا حسین رضی اللہ عنہ
راحت جان نبی ﷺ ، محرم شان نبی ﷺ
مظہر فیض اتم ! کون ؟ ہمارا حسین رضی اللہ عنہ
نائب ختم رسل ، وارث مولائے کل
مالک عرب و عجم ! کون ؟ ہمارا حسین رضی اللہ عنہ
اہل حرم کا امام ، غیرت دیں کا پیام
صبر کی تیغ دو دم! کون ؟ ہمارا حسین رضی اللہ عنہ
چہرۂ صدق و یقیں ، مطلع نور مبین
مالک باغ ارم! کون ؟ ہمارا حسین رضی اللہ عنہ
ہادیٔ مہر و وفا ، پیکر صبر و رضا
قاطع ظلم و ستم ! کون ؟ ہمارا حسین رضی اللہ عنہ
واہ وا وہ راج باج ، ملک شہادت کا تاج
خواجہ دارا و جم ! کون ؟ ہمارا حسین رضی اللہ عنہ
چھا گیا میدان پر ، دشت و بیابان پر
صبر کا لے کر علم کون ؟ ہمارا حسین رضی اللہ عنہ
بندۂ حق آشنا ، خواجہ اہل رضا
ایسا خدا کی قسم کون ؟ ہمارا حسین رضی اللہ عنہ
یاس کی ظلمات میں، غم کی سیہ رات میں
کہتا ہے دیدۂ نم ، کون ؟ ہمارا حسین رضی اللہ عنہ
شیخ کی سرکار سے آسی نہ خالی پھرے
رکھے ہمارا بھرم کون ہمارا حسین رضی اللہ عنہ

دو پرویز

اوپر پرویز مشرف ہے، نیچے پرویز الٰہی ہے
دونوں پرویزوں کا ملنا دھرتی کی ڈبل تباہی ہے

وہ بش کا والہ وشیدا ہے، یہ اپنے نفس کا بندہ ہے
یوں لگتا ہے مقصد دونوں کا، اس ملت کی بدخواہی ہے

اسلام کا ان کو پاس نہیں، کچھ کلمے کا احساس نہیں
ہر ایک وفا کا دشمن ہے، ہر ایک جفا کا راہی ہے

مطلوب ہے تم کو قہر خدا یارحمت رب ارض و سما؟
ہے قہر بھی لامحدود اس کا، رحمت بھی لامتناہی ہے

سرکار ﷺ کے در سے دور نہ ہو، امریکہ پہ مغرور نہ ہو
بش کی تو غلامی لعنت ہے، آقا ﷺ کی غلامی شاہی ہے

نافذ قرآن کی حکمت ہو، آئین آئین شریعت ہو
دراصل خدا جل جلالہ ہی آمر ہے، محبوب خدا علیہ الصلوٰۃ والسلام ہی ناہی ہے

اعدائے خدا سے ہو یاری اور اپنی قوم سے ہو عیاری
ایسا بے غیرت کیوں ہوگا، جس شخص میں خود آگاہی ہے

حیوان تو رب کو رب مانے، انسان نہ اس کو پہچانے
سچ پوچھو تو ایسے انساں سے بہتر ہر مرغ و ماہی ہے

قادر کو چھوڑ کے قاصر کو تم پوجتے کیوں ہو بد بختو
ہاں ہاں جو قادر مطلق ہے واللہ وہ ایک خدا ہی ہے

سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام کا سایہ سر پر ہو، دل عشق رسالت علیہ الصلوٰۃ والسلام کا گھر ہو
بیشک یہی جنت ہے میری، الحق یہی عالیجاہی ہے

نقش لاثانی آسی کے ایماں کی حفاظت فرمانا!
ایماں کی حفاظت مانگی ہے، اسلام کی غیرت چاہی ہے

پروفیسر محمد حسین آسی

Monthly
Mujallah
AL-HAQIQA
February 2006
Reg. No. C.P.L 590

نواسہ رسول جگر گوشہ بتول شہزادہ گلگوں قبا
شہید دشت کرب و بلا سید الشہداء

سیدنا امام حسین

کی بارگاہ میں پیش عقیدت و
محبت کا نذرانہ پیش کرنے کیلئے

شہادت کانفرنس

بمقام
محلہ نقش ثانی نگر شکر گڑھ

جمعرات

10 محرم الحرام

صبح 9 تا

12 بجے دوپہر

ملک بھر کے جید علماء و خطیبین

نعت خوان حضرات
تشریف لا رہے ہیں

زیر صدارت

سید کرامت علی شاہ

زیر قیادت

پروفیسر محمد حسین آسی صاحب

شیران اسلام

خصوصی خطاب

مفتی مظہر اللہ سیالوی صاحب مدظلہ العالی

مفتی اعظم پاکستان

منجانب شیران اسلام پاکستان

Voice: 0542-451734
Mobile: 0300-7766223